سوڈان کا طوفان

مصر کی اخبار نمبر ۲ شئہ ء مین فرضی مہدی سوڈان کے خلیفہ عبد اللہ کا ایک خط بنام ملکہ انگلستان شائع ہوا تھا۔ جو لنڈن کے ایک رسالہ ڈپلومیٹک فلائی شٹیس مطبوعہ دسمبر شئہ ء مین ہماری نظر سے گذرا ہے

اوس خط مین راقم نے ملکہ معظمہ کو اسلام کی طرف دعوت کی ہے جسکے پوری مضمون سے بحث کرنیکی اس مقام پر گنجایش نہین ہے۔ وہ پہر کبھی ہی اگر فرصت ملی۔ بالفعل اوس خط کے بعض فقرات نقل کرکے اونکے نتیجہ کیطرف مسلمانون کو اور گورنمنٹ کو توجہ دلائی جاتی ہے۔

اوس خط کے شروع مین بسم اللہ اور حمد و صلوۃ کے بعد لکہا ہے :-

"اللہ کے بندہ جسکی قوت اپنے رب قدیر کی قوت مین ہے جو مہدی علیہ الرحمۃ کا خلیفہ ہے۔ یعنی خلیفہ عبد اللہ بن محمد خلیفۃ المومنین کی طرف سے اپنی رعایا کی حامی ملکہ انگلستان وکٹوریہ کے نام۔

اوس شخص پر فضل ہو جو مہدی کا الیقین رکہتا ہی"

پہر خدائیتعالی کی تعریف اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی توصیف کرکے لکہا ہے۔

"اور جب مہدی منتظر (صلوۃ اللہ علیہ) آیا تو وہ ہمارے پیغمبر محمد صلعم کا خلیفہ تہا (اللہ کا اوسپر فضل ہو) اللہ نے اوسکے دل مین یہ بات ڈالدی کہ وہ تمام لوگونکے لئے دین اسلام کو زندہ کرے اور اوسکے دشمنون ملعونون بے ایمانون کے ساتھ جہاد کرے مین اوس (مہدی) کا خلیفہ ہون جو اوس مدعا کے حصول کے لئے اوسکے قدم بقدم چلتا ہون"

ان فقرات مین تین صریح اوصاف دعوی کئے گئے ہین (۱) مہدی سوڈانی مہدی موعود و منتظ[redacted] تہا۔ (۲) مہدی اوہ فوت ہوگیا ہے (۳) اوسکا جانشین عبد اللہ جو تمام مسلمانونکا خلیفہ ہی مہدی کے مدعا کو حاصل یعنے پورا کریگا۔

ان تینون دعاوی سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ سوڈانی مہدی موعود نہ تھا اور اس دعوی مہدیت کے ساتھ جو کچھ اونہی کیا یا اوسکا خلیفہ عبد اللہ کر رہا ہے وہ ایک طوفان بے تمیزی ہے جو مسائل اسلام اور